BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

اس ستمبر میں برامپٹن میں درختوں کا مہینہ منائیں!

برامپٹن، آن (1 ستمبر 2023) – CN کی جانب سے اسپانسر کردہ سٹی آف برامپٹن کے ٹری منتھ میں شامل ہو جائیں اور ہمارے سر سبز شہر اور اس کے حسین درختوں کی خوشیاں منائیں۔ سٹی اور اس کے شراکت دار درختوں کا مہینہ منانے کے لیے ستمبر کے مہینے میں مختلف پروگراموں اور تقریبات کا انعقاد کریں گے اور رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ ان تفریحی پروگراموں میں شمولیت اختیار کریں۔

شجرکاری اور درختوں کے مفت تحفے

سٹی کی جانب سے برامپٹن کے رہائشیوں کو 500 درختوں کے تحفے دیئے جائیں گے۔ مفت درخت حاصل کرنے اور برامپٹن کو اس مہینے مزید درخت لگانے اور 2040 تک 1 ملین درختوں کے ہدف کے قریب پہنچنے میں مدد دینے کے لیے رہائشی نیچے دیے گئے مقامات میں سے کسی ایک پر تشریف لا سکتے ہیں!

23 ستمبر:

- گور میڈوز میں اسکاؤٹس اور کمیونٹی کی جانب سے شجرکاری| صبح 10 تا دوپہر 12 بجے تک
- درختوں کے تحفے، گور میڈوز ریک سنٹر پارکنگ لاٹ | صبح 10 تا دوپہر 12 بجے تک
- ارنزکلف ریک سنٹر پارکنگ لاٹ | دوپہر 1 - 3 بجے تک

24 ستمبر:

- جم آرچ ڈیکن ریک سنٹر پارکنگ لاٹ | صبح 10 - دوپہر 12 بجے تک
- کرس گبسن ریک سنٹر پارکنگ لاٹ | دوپہر 1 - 3 بجے تک

درختوں کے مہینے کی تقریبات

- 10 ستمبر - بائیک برامپٹن کے ساتھ ٹری بائیک ٹؤر

رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سٹی کی جانب سے منعقد کردہ پہلے ٹری منتھ فوٹوگرافی کے مقابلے میں حصہ لیں۔ برامپٹن کی خوبصورت پگڈنڈیوں کی سیر کریں اور پیٹر ووہلابین کی تخلیق ہڈن لائف آف ٹریز (Hidden Life of Trees) کی ایک عدد کاپی جیتنے کے موقع کے لیے کسی درخت کی تصویر کا اشتراک کریں۔

کیا آپ کو ترغیب کی ضرورت ہے؟ دریافت کرتے وقت دلچسپی کے کچھ آئیڈیاز درج ذیل ہیں:

- کسی درخت کے پتے کی قریب سے تصویر
- ایک پسندیدہ درخت
- اپنے صحن میں یا پارک میں موجود کوئی درخت
- درختوں کا جھرمٹ یا جھنڈ
- کوئی خاص درخت جس کے پیچھے کوئی کہانی چھپی ہو

www.brampton.ca/treemonth پر اپنی تصاویر آن لائن جمع کروائیں۔ ہمارے چینلز CityBrampton@ اور ویب سائٹ www.brampton.ca/trees پر نمایاں ہونے کا موقع پانے کے لیے BramptonTrees# کا استعمال کرتے ہوئے اپنی تصاویر کو سوشل میڈیا پر شیئر کرنا نہ بھولیں!

درختوں کے وسائل

درختوں کے بارے میں سب کچھ جانیں اور درختوں کے ان مفید وسائل کو استعمال کر کے درختوں کے مہینے میں حصہ لیں:

- برامپٹن کے درخت
- سٹی آف برامپٹن کی جانب سے درختوں کی نگہداشت کے لیے مفید مشورے
- درختوں کی ٹریکنگ کے لیے تعاملی ٹول
- ون ملین ٹریز پروگرام
- ٹری کینیڈا

برامپٹن کے درختوں کے بارے میں حقائق

- برامپٹن میں اس وقت لگ بھگ 3.6 ملین سے زیادہ درخت موجود ہیں اور موجودہ طور پر ریجن آف پیل اور مختلف کنزرویشن اتھارٹیز کے تعاون سے ایک اربن کینوپی اسسمنٹ اسٹڈی بھی منعقد کی جا رہی ہے
- سٹی اور اس کے شراکت داروں – بشمول تحفظ کے حکام، ریجن آف پیل، اسکول بورڈز اور ترقیاتی صنعت – نے مل کر برامپٹن میں ہر سال اب تک اوسطاً 40,000 درخت لگائے ہیں۔
- 2014 سے لے کر اب تک برامپٹن میں اڑھائی لاکھ سے زیادہ درخت لگائے جا چکے ہیں۔

ون ملین ٹری پروگرام

فروری 2020 میں، برامپٹن کونسل نے برامپٹن کے لیے ون ملین ٹریز پروگرام کی منظوری دی تھی- جو کہ ایک ایک فریم ورک ہے جس کے تحت سٹی اور اس کے شراکت داروں کے لیے درخت لگانے کے اقدامات کو بڑھانے اور 2040 تک ایک ملین درخت لگانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

برامپٹن کو اپنے ایک ملین نئے درختوں کے ہدف کو حاصل کرنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے ہم میں سے ہر ایک کا کردار اہم ہے، جس کے لیے چاہے سٹی کو اس کی ملکیتی جائیدادوں پر پودے لگانے میں معاونت فراہم کرنا ہو یا رہائشیوں، کاروباروں یا سٹی کے پارٹنرز کی جانب سے درخت لگانے کی تقریبات میں حصہ لینا ہو، درخت لگانے کی اہمیت کے بارے میں آگاہی میں اضافہ کرنا ہو اور برامپٹن ون ملین ٹری پروگرام اور/یا شہر بھر میں درخت لگانے میں مدد کے لیے وسائل کا عطیہ دینا ہو۔

اقتباسات

"درختوں کا مہینہ ہمارے لیے اپنے سر سبز شہر کی خوبصورتی میں اضافہ پر توجہ مرکوز کرنے کا بہترین وقت ہے**!** میں تمام رہائشیوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اس مہینے کے پروگراموں اور تقریبات میں ضرور شامل ہوں اور اپنی کمیونٹی میں درخت لگانے میں ہماری مدد کریں۔ درخت بہت سے فوائد فراہم کرتے ہیں، بشمول صاف ہوا، موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنا اور ہماری کمیونٹی کو خوبصورت بنانا۔ اپنے گھروں سے باہر نکلنے کو یقینی بنائیں اور ہمارے ساتھ درختوں کا مہینہ منائیں اور درختوں کے تحفوں کے دنوں میں اپنے لیے ایک مفت درخت حاصل کریں**!**"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

-30-

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 سے زائد لوگوں اور 90,000 سے زائد کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹویٹر، فیس بک، اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید یہاں جانیں: www.brampton.ca۔

میڈیا کنٹیکٹ
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca